سوال

(200) شیخ ابن باز کے بارے میں حنفی تعصب

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں جب بھی کسی شخص (خاص طور پر حنفی حضرات) کو شیخ بن باز کا کوئی فتویٰ سناتا ہوں، تو وہ انہیں بہت برا بھلا کہتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ بن باز نے GulfWar میں امریکی افواج کو سعودی عرب میں آنے کی اجازت دی تھی، اور یہ کہ وہ (نعوذ باللہ) امریکہ کے حامی ہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ا۔ شیخ ابن باز رحمہ اللہ کی طرف سے ایسی اجازت کا ہونا یا نہ ہونا ہمارے علم میں نہیں ہے۔ لہذا جو شخص یہ دعوی کرتے ہیں تو پہلے انہیں اس کا ثبوت پیش کرنا چاہیے کہ شیخ بن باز رحمہ اللہ نے امریکی افواج کی آمد کو ویلکم کہا تھا اور اس بارے شیخ رحمہ اللہ کا فتوی باحوالہ نقل کرنا چاہیے ورنہ تو اس الزام کو بہتان قرار دینے میں کوئی چیز مانع نہیں ہے۔

2۔ اگر آپ کے علم میں کوئی ایسا فتوی ہو تو یہاں نقل کریں۔ ان شاء اللہ! اس پر غور فکر کے بعد جواب دیا جائے گا۔ بعض اوقات یہ بھی ہوتا ہے کہ شیوخ کا کہنا کچھ ہوتا ہے اور ناقدین و مخالفین اس سے اپنی مرضی کے مفاہیم اخذ کر رہے ہوتے ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

جلد 2 کتاب الصلوۃ